احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

جمعرات 23 نومبر 2006ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 23 نومبر 2006ء ....1427 ہجری 23 نبوت 1385 ھش جلد 56-91 نمبر 262

میں بکثرت یہ دعا کرتا ہوں

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ دعا سیکھی۔

اے اللہ مجھے توفیق دے کہ میں تیرے شکر کا حق ادا کرسکوں اور کثرت سے تیرا ذکر کرسکوں اور تیری باتوں پر عمل کرسکوں اور تیرے احکام کی پابندی کرسکوں۔

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ میں بکثرت یہ دعا مانگتا ہوں۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب ادعیۃ النبی حدیث نمبر:3530)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خلیفہ سید محمد حسن صاحب وزیراعظم پٹیالہ کسی ابتلا اور فکر اور غم میں مبتلا تھے ان کی طرف سے متواتر دعا کی درخواست ہوئی اتفاقاً ایک دن یہ الہام ہوا۔

''چل رہی ہے نسیم رحمت کی۔ جو دعا کیجئے قبول ہے آج''

اس وقت مجھے یاد آیا کہ آج انہیں کے لئے دعا کی جائے چنانچہ دعا کی گئی اور ان کو بذریعہ خط اطلاع دی گئی اور تھوڑے عرصہ کے بعد انہوں نے ابتلا سے رہائی پائی اور بذریعہ خط اپنی رہائی سے اطلاع دی۔''

(نزول المسیح ۔ روحانی خزائن جلد 18۔ ص 603)

ایک دفعہ نواب علی محمد خان مرحوم رئیس لودھیانہ نے میری طرف خط لکھا کہ میرے بعض امور معاش بند ہوگئے ہیں آپ دعا کریں کہ تا کہ وہ کھل جائیں۔ جب میں نے دعا کی تو مجھے الہام ہوا کہ کھل جائیں گے۔ میں نے بذریعہ خط ان کو اطلاع دے دی۔ پھر صرف دو چار دن کے بعد وہ وجوہ معاش کھل گئے اور ان کو بشدت اعتقاد ہو گیا۔ پھر ایک دفعہ انہوں نے بعض اپنے پوشیدہ مطالب کے متعلق میری طرف ایک خط روانہ کیا۔ اور جس گھڑی انہوں نے خط ڈاک میں ڈالا اسی گھڑی مجھے الہام ہوا کہ اس مضمون کا خط ان کی طرف سے آنے والا ہے۔ تب میں نے بلا توقف ان کی طرف یہ خط لکھا کہ اس مضمون کا خط آپ روانہ کریں گے دوسرے دن وہ خط آ گیا اور جب میرا خط ان کو ملا تو وہ دریائے حیرت میں ڈوب گئے کہ یہ غیب کی خبر کس طرح مل گئی۔ کیونکہ میرے اس راز کی خبر کسی کو نہ تھی۔ اور ان کا اعتقاد اس قدر بڑھا کہ وہ محبت اور ارادت میں فنا ہوگئے۔

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22ص 257)

ایک دوست نے بڑی مشکل کے وقت خط لکھا کہ اس کا ایک عزیز کسی سنگین مقدمہ میں ماخوذ ہے اور کوئی صورت رہائی کی نظر نہیں آتی۔ اور دعا کے لئے درخواست کی۔ چنانچہ اسی رات صافی وقت میسر آ گیا۔ اور قبولیت کے آثار سے ایک آریہ کو اطلاع دی گئی۔ چند روز بعد خبر ملی کہ مدعی جس نے یہ مقدمہ دائر کیا تھا۔ ناگہانی موت سے مرگیا اور شخص ماخوذ نے خلاصی پائی۔

(تریاق القلوب۔ روحانی خزائن جلد15ص260)

قرآن کریم باقاعدگی اور مقررہ اندازہ سے پڑھنا چاہئے (حضرت مصلح موعود)

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے U.K کی ذیلی تنظیموں سے خطابات

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ برطانیہ کی ذیلی تنظیموں کے پروگرامز میں بنفس نفیس شرکت فرمائی اور اپنے خطابات سے نوازا۔ یہ خطابات پاکستانی وقت کے مطابق احمدیہ ٹیلی ویژن پر نشر کئے جائیں گے۔ احباب نوٹ فرمالیں۔

خطاب مجلس انصاراللہ یو۔کے

نشر اول	23 نومبر	7:15 رات
نشر مکرر	24 نومبر	7:45 صبح

خطاب لجنہ اماء اللہ یو۔کے

نشر اول	24 نومبر	10:05 رات
نشر مکرر	25 نومبر	8:55 صبح

خطاب مجلس خدام الاحمدیہ یو۔کے

نشر اول	25 نومبر	10:00 رات
نشر مکرر	26 نومبر	7:50 صبح

خطاب مجلس انصاراللہ یو۔کے

نشر اول	26 نومبر	10:05 رات
نشر مکرر	27 نومبر	8:45 صبح

(نظارت اشاعت)

ماہر نفسیات کی آمد

مکرم ڈاکٹر لئیق احمد طاہر صاحب ماہر نفسیات مورخہ 27 نومبر تا 13 دسمبر 2006ء فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کیلئے کینیڈا سے تشریف لائیں گے۔ پرچی کے حصول کیلئے مریضوں سے درخواست ہے کہ وہ پرچی روم سے رابطہ کریں۔ مریضوں کا معائنہ بیگم زبیدہ بانی ونگ میں کیا جائے گا۔ وزیٹنگ فیکلٹی کا اعلان دیکھنے کیلئے درج ذیل ویب سائٹ www.foh-rabwah.org دیکھیں مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

فہرست نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد صاحب جاوید پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بتاریخ 16 نومبر 2006ء قبل نماز ظہر بمقام بیت فضل لندن درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرمہ طاہرہ ابرار صاحبہ اہلیہ مکرم شیخ ابرار احمد صاحب سر میں ٹیومر کی وجہ سے طویل علالت کے بعد 13 نومبر 2006ء کو وفات پا گئیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں اور حضرت شیخ رحمت اللہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے تھیں۔ انتہائی صابر دعا گو اور خلافت سے اخلاص کا تعلق رکھنے والی نیک خاتون تھیں۔ مرحوم نے اپنے میاں کے علاوہ تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

نماز جنازہ غائب

1۔ مکرم سید شاہد حامد صاحب ابن مکرم سید عبدالجلیل شاہ صاحب 9 نومبر 2006ء کو لاہور میں اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئے۔ مرحوم مکرم کرنل مرزا داؤد احمد صاحب مرحوم کے داماد تھے۔ آپ کے نانا مکرم ڈاکٹر سید حبیب اللہ شاہ صاحب، حضرت ام طاہر کے بھائی تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک بیٹی اور 2 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

2۔ مکرم پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد صاحب 27/ اکتوبر 2006ء کو حرکت قلب بند ہونے سے 87 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ مرحوم کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج اور میو ہسپتال لاہور کے شعبہ سرجری کے اٹھارہ سال انچارج رہے اور وہیں سے ریٹائر ہوئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے معالج رہے۔ افراد خاندان حضرت مسیح موعود کے ساتھ آپ کے نہایت قریبی اور محبت کے تعلقات تھے۔ مرحوم نے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ 2 بیٹیاں اور 3 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

3 تا 5۔ مکرمہ ڈاکٹر عامرہ عباس صاحبہ و بیٹی و بیٹا آف میری لینڈ امریکہ اپنے معصوم بچوں عزیزہ عائشہ (بعمر 9 سال) اور عزیزم علی عباس پیڈر (بعمر 5 سال) کے ہمراہ 31/ اکتوبر 2006ء کو Hancock میری لینڈ میں سفر کرتے ہوئے کار کے حادثہ میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ باوجود اپنی مصروفیت کے مقامی لجنہ میں کسی نہ کسی رنگ میں خدمت کی توفیق پاتی رہیں۔ اسی طرح ضرورت مند لوگوں کی اپنے مال، وقت اور ہنر سے بے لوث خدمت کیا کرتی تھیں۔ مرحومہ نے پسماندگان میں اپنی والدہ کے علاوہ تین بہنیں اور دو بھائی یادگار چھوڑے ہیں۔

6۔ مکرمہ اقبال بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم ثاقب زیروی صاحب مرحوم 13/ اکتوبر 2006ء 85 سال کی عمر میں ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئیں۔ مرحومہ ڈاکٹر مدار بخش صاحب آف گجرات کی بیٹی اور حضرت مولوی اللہ بخش صاحب زیروی رفیق حضرت مسیح موعود کی بہو تھیں۔ آپ نہایت صابر، شاکر، خاموش طبع اور پابند صوم وصلوۃ خاتون تھیں۔ ماڈل ٹاؤن لاہور کے احمدیہ قبرستان میں تدفین ہوئی۔ مرحومہ نے پسماندگان میں 4 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

7۔ مکرم سید محمود احمد شاہ صاحب 25 ستمبر 2006ء کو اچانک حرکت قلب بند ہونے سے واہ کینٹ میں وفات پا گئے۔ مرحوم موصی تھے۔ آپ نے مختلف حیثیتوں سے ناروے اور پاکستان میں جماعت کی خدمت کی توفیق پائی۔ نہایت نیک، متقی اور راست گو بزرگ تھے۔ آپ سید نصیر احمد شاہ صاحب چیئرمین ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے والد تھے۔

8۔ مکرم رشید احمد صاحب ابن مکرم میاں مہرالدین صاحب 24/ اگست 2006ء کو 73 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ مرحوم نماز باجماعت کے پابند، چندوں میں باقاعدہ اور جماعتی نظام کی پوری اطاعت کرنے والے انتہائی بہادر اور احمدیت کے لئے غیرت رکھنے والے نیک انسان تھے۔ حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے باڈی گارڈ کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔

9۔ مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب چیمہ آف چک نمبر 88 شمالی ضلع سرگودھا 22 جولائی 2006ء 67 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ مرحوم نے مقامی جماعت میں اور ضلعی سطح پر مختلف حیثیتوں سے خدمت کی توفیق پائی۔ بچپن سے ہی تہجد گزار، نہایت صاف گو اور دین کی خاطر غیرت رکھنے والے انسان تھے۔

10۔ مکرمہ امتہ الحفیظ میر صاحبہ اہلیہ مکرم ذکاء اللہ میر صاحب مرحوم 15/ اکتوبر 2006ء کو طویل علالت کے بعد 81 سال کی عمر میں بریڈفورڈ میں وفات پا گئیں۔ مرحومہ نہایت نیک، دعا گو، جماعت اور خلافت سے اخلاص کا تعلق رکھنے والی بزرگ خاتون تھیں۔ پسماندگان میں 2 بیٹیاں اور 5 بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔

لجنہ بھارت کی ممبرات

5 نومبر 2006ء کو لجنہ اماء اللہ ورنگل آندھر اپردیش کے زونل اجتماع میں شمولیت کے لئے کنڈور جاتے ہوئے جماعت احمدیہ تمڑ پلی گاؤں کی لجنات سے بھری ٹرالی کا اچانک سامنے سے آتے ہوئے ایک موٹر سائیکل کے ساتھ ایکسیڈنٹ ہو گیا جس سے ٹریکٹر الٹ گیا اور موقعہ پر چار خواتین اور دو بچے فوت ہو گئے۔ بعد ازاں دوران علاج ایک اور خاتون جو صدر لجنہ مقامی تمڑ پلی تھیں وہ اور ایک بچی بھی وفات پا گئیں۔ اس طرح حادثہ میں وفات شدگان کی مجموعی تعداد 8 ہو گئی۔ فوت شدگان کے اسماء حسب ذیل ہیں۔

مکرمہ خدیجہ بی صاحبہ اہلیہ مکرم محمد یعقوب صاحب۔
عمر 45 سال۔
مکرمہ قمر النساء صاحبہ اہلیہ مکرم رسول صاحب۔
عمر 40 سال۔
مکرمہ مہرالنساء صاحبہ اہلیہ مکرم شمس الدین صاحب۔
عمر 25 سال۔
مکرمہ مودن صاحبہ اہلیہ مکرم محمد اسماعیل صاحب۔
عمر 65 سال۔
عزیزہ حسینہ صاحبہ بنت مکرم خواجہ میاں صاحب۔
عمر 15 سال۔
عزیزہ رضوانہ بنت مکرم ولی صاحب۔ عمر 7 سال۔
عزیزہ عائشہ بنت مکرم شمس الدین صاحب۔
عمر 6 سال۔
عزیزم محمد یوسف ابن مکرم یعقوب پاشا صاحب۔
عمر 8 سال

اللہ تعالیٰ تمام مرحوم سے مغفرت کا سلوک فرماتے ہوئے ان کے درجات کو بلند تر فرمائے اور لواحقین کا ان کے بعد خود نگہبان ہو۔ آمین

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

مکرم فاروق اکبر صاحب محمود آباد فارم ضلع عمر کوٹ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بیٹے عزیزم شکیل احمد ثانی نے محض خدا کے فضل و کرم سے قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے۔ مورخہ 14 نومبر 2006ء کو بعد نماز عصر مکرم طارق محمود کھوکھر صاحب مربی سلسلہ محمود آباد نے بچے سے قرآن سنا اور دعا کروائی۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے قرآن کریم کو غور و تدبر سے پڑھنے، ہمیں اس کی احسن رنگ میں تربیت کرنے اور ہم سب کو جماعت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

نکاح

مکرم رشید احمد زاہد صاحب لندن تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیٹی مکرمہ سائرہ رفعت زاہد بیگم صاحبہ لندن کے نکاح کا اعلان مورخہ 14 نومبر 2006ء کو بیت منعم دارالنصر غربی ربوہ میں بعد نماز عصر مکرم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب صدر عمومی ربوہ نے مکرم محمد احمد صاحب ابن مکرم بشارت احمد بھٹی صاحب دارالعلوم وسطی ربوہ کے ہمراہ مبلغ تین ہزار پونڈ حق مہر پر کیا موصوفہ مکرم غلام احمد صاحب دارالعلوم شرقی ربوہ کی پوتی اور مکرم سیٹھ محمد الدین صاحب مرحوم رحمت بازار ربوہ کی نواسی اور مکرم منیر احمد عابد صاحب مربی سلسلہ نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کی بھتیجی ہیں احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ جانبین کیلئے یہ رشتہ ہر لحاظ سے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

درخواست دعا

مکرم چوہدری ریاض احمد صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار مختلف عوارض میں مبتلا ہے کمزوری اور سارے بدن میں درد رہنے کیوجہ سے پریشان اور متفکر رہتا ہوں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میری جملہ بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات دے کر بابرکت فعال زندگی عطا کردے۔ آمین

مکرم شیخ مامون احمد صاحب سیکرٹری جائیداد حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی طبیعت ابھی تک مکمل ٹھیک نہیں ہوئی احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم عطاء النور صاحب حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کے تایا جان کے بازو کا مورخہ 17 نومبر 2006ء کو جناح ہسپتال لاہور میں آپریشن ہوا ہے جو کہ کامیاب رہا۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

مکرم رانا محفوظ احمد صاحب سیکرٹری وصایا حلقہ علامہ اقبال ٹاؤن لاہور کی والدہ محترمہ بیمار ہیں احباب جماعت سے شفاء کاملہ و عاجلہ کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

اعلان دارالقضاء

(مکرم عبدالبصیر صاحب بابت ترکہ مکرم عبدالرشید عابد صاحب)

مکرم عبدالبصیر صاحب نے درخواست دی ہے کہ میرے والد مکرم عبدالرشید عابد صاحب ولد مولوی عبدالمجید صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ ان کے نام قطعہ نمبر 7/28 محلّہ دارالعلوم شرقی ربوہ برقبہ 10 مرلہ الاٹ شدہ ہے۔ یہ قطعہ ہم دو بھائی بہن میں برابر حصوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ میں اپنی بہن کو اس کے شرعی حصہ سے زائد حصہ دینا چاہتا ہوں ہمارے علاوہ کوئی وارث نہ ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1۔ مکرم عبدالبصیر صاحب (پسر)
2۔ مکرم بشریٰ ساجد صاحبہ (بیٹی)

لہٰذا بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس منتقلی پر اگر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دفتر ہذا کو مطلع کر کے ممنون فرمائیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم طارق حیات صاحب

علم کے شیدائی

بزرگان سلسلہ کی غیر معمولی محنت اور لگن کے واقعات

حضرت خلیفۃ المسیح الاول

حضرت خلیفۃ المسیح الاول کو بچپن سے ہی تعلیم کے ساتھ شغف تھا۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ دراصل والد صاحب محترم کی وجہ سے مجھے یہ شوق پیدا ہوا۔ فرماتے ہیں کہ:۔

”میرے باپ کو اپنی اولاد کی تعلیم کا بہت شوق تھا۔ مدن چند ایک ہندو عالم تھا وہ کوڑھی ہوگیا۔ لوگوں نے اسے باہر مکان بنا دیا۔ میرے باپ نے اس کے پاس میرے بھائی کو پڑھنے کے لئے بھیجا۔ لوگوں نے کہا خوبصورت بچہ ہے کیوں اس کی زندگی کو ہلاکت میں ڈالتے ہو۔ اس پر میرے باپ نے کہا مدن چند جتنا علم پڑھ کر اگر میرا بیٹا کوڑھی ہوگیا تو کچھ پروا نہیں۔ تم بھی اپنے بچوں کے ایسے باپ بنو۔ میرا باپ ایسا بلند ہمت تھا کہ اگر وہ اس زمانہ میں ہوتا تو مجھے امریکہ بھیج دیتا“۔

(حیات نور از مکرم عبدالقادر صاحب سوداگرمل ص2)

فرمایا: ”اللہ تعالیٰ میرے باپ پر رحم فرمائے۔ انہوں نے مجھ کو اس وقت جبکہ میں تحصیل علم کے لئے پردیس جانے لگا۔ فرمایا اتنی دور جا کر پڑھو کہ ہم میں سے کسی کے مرنے جینے سے ذرا بھی تعلق نہ رہے اور تم اس بات کی اپنی والدہ کو خبر نہ کرنا“۔

(حیات نور ص19)

ایک موقع پر فرمایا:۔

”مجھ کو اپنے سن تمیز سے بھی پہلے کتابوں کا شوق تھا۔ بچپنے میں جلد کی خوبصورتی کے سبب کتابیں جمع کرتا تھا۔ سن تمیز کے وقت میں نے کتابوں کا بڑا انتخاب کیا اور مفید کتابوں کے جمع کرنے میں بڑی کوشش کی“۔ (حیات نور ص9)

قرآن اور قرآنی تعلیم کے ساتھ محبت کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

”جب میں راولپنڈی میں تھا تو ہمارے مکان کے قریب ایک انگریز الیگزینڈر کی کوٹھی تھی۔ ایک شخص مجھ کو وہاں لے گیا اس نے میزان الحق اور طریق الحیوۃ دو کتابیں بڑی خوبصورت چھپی ہوئی مجھ کو دیں۔ میں نے ان کو خوب پڑھا۔ میں بچہ ہی تھا لیکن قرآن کریم سے اس زمانہ میں بھی مجھ کو محبت تھی۔ مجھ کو وہ دونوں کتابیں بہت لچر معلوم ہوئیں۔ اس وقت ان کے روح القدس کو بھی نہیں جانتا تھا۔ میں نے دیکھا کہ خدا تعالیٰ سے دعائیں مانگنے والے مباحثات میں کبھی عاجز نہیں ہوتے“ (حیات نور ص14)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول جب بغرض تعلیم حکیم علی حسین صاحب کے پاس لکھنؤ تشریف لے گئے تو آپ فرماتے ہیں:۔

”میں نے کچھ عذر معذرت کے بعد حکیم صاحب کی یہ پیشکش منظور کر لی۔ پھر حکیم صاحب نے فرمایا۔ طب کہاں تک پڑھنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا افلاطون کے برابر۔ حالانکہ مجھے قطعاً خبر نہ تھی کہ افلاطون کوئی حکیم ہے یا طبیب۔ آپ نے ہنس کر فرمایا کچھ تو ضرور ہی پڑھ لوگے۔ اگر کسی چھوٹے کا نام لیتے تو میرے دل کو بہت صدمہ پہنچتا کیونکہ ہر انسان اپنی غایت مطلوب تک نہیں پہنچتا“۔ (حیات نور ص28)

حضرت مصلح موعود

حضرت مصلح موعود اپنی ظاہری تعلیم کے متعلق فرماتے ہیں:۔

”میں نے حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے جس طرح پڑھا ہے اور کوئی شخص نہیں پڑھ سکتا۔ آدھ آدھ پارہ بخاری کا آپ پڑھاتے تھے اور کہیں کہیں خود بخود ہی کچھ بتا دیتے تھے اور بعض اوقات سبق کے انتظار میں سارا سارا دن گزارنا پڑتا تھا اور کھانا بھی بے وقت کھایا جاتا تھا۔ اسی وقت میرا معدہ خراب ہوا تھا“۔

(سوانح فضل عمر جلد اول ص111)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانہ طالب علمی میں آپ کو ایک دلچسپ واقعہ پیش آیا امتحان کے دنوں میں بعض لڑکوں کو اگلے روز ہونے والے امتحانی پرچے کا علم ہوگیا۔ انہوں نے نصف شب آپ کو جگایا اور امتحانی پرچے کی نقل دینا چاہی۔ آپ نے فرمایا:

”میں صرف اصل محنت کا صلہ لینے کا حقدار ہوں جو میں نے کی۔ جو نمبر مفت ملتے ہیں وہ میں کبھی نہ لوں گا۔ تم نے اپنی سمجھ کے مطابق مجھے فائدہ پہنچانے کی کوشش کی اس کے لئے میری طرف سے شکریہ۔ مگر اب مجھے سونے دیجئے“۔ یہ سن کر یہ برادر دوست شرمندہ ہو کر چلے گئے۔ (الفضل 2 مئی 1971ء)

آپ کے بچپن کے دوست اور کلاس فیلو شیخ محبوب عالم خالد صاحب گورنمنٹ کالج لاہور کے زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آپ روزانہ کالج کے علاوہ چھ سات گھنٹے پڑھتے تھے اور چھٹی والے دن بارہ بارہ، تیرہ تیرہ گھنٹے پڑھتے تھے۔

(حیات ناصر ص65)

6 ستمبر 1934ء کو حضرت مصلح موعود نے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کو اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان بھجوایا۔ آپ کی شادی کو ابھی ایک ماہ ہی گزرا تھا کہ آپ کو اعلیٰ تعلیم کے لئے رخت سفر باندھنا پڑا۔

(حیات ناصر ص79)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اپنے قیام انگلستان برائے تعلیم میں وہاں کے طلباء جتنی محنت کرتے ہیں اسے آپ نے خاص طور پر نوٹ فرمایا اور ایک مرتبہ فرمایا:

”آکسفورڈ میں اچھا طالب علم وہ سمجھا جاتا ہے جو کلاس ورک کے علاوہ بارہ گھنٹے سٹڈی کرتا ہے، یعنی کلاس روم کے علاوہ بارہ گھنٹے سٹڈی کرنے والا اچھا طالب علم اور آٹھ گھنٹے سٹڈی کرنے والا درمیانہ طالب علم اور جو کلاس روم کے علاوہ پانچ گھنٹے سٹڈی کرتا تھا اس کے متعلق وہ کہتے تھے کہ پتہ نہیں یہ یہاں کیوں آ گیا ہے؟ اسے پڑھائی سے کوئی دلچسپی نہیں ہے مگر ہمارے ہاں اچھا طالب علم شاید اسے سمجھا جاتا ہے جو روزانہ پانچ گھنٹے اوسط پڑھتا ہے۔ لیکن وہاں انہوں نے وقت مقرر کیا ہوتا ہے کہ آٹھ یا دس گھنٹے یا بارہ گھنٹے پڑھائی ضروری کرنی ہے“۔ (حیات ناصر ص101)

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب لاہور میں بی۔اے کی تعلیم پا رہے تھے کہ اچانک آپ نے کالج چھوڑ دیا اور قادیان آکر حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے قرآن و حدیث پڑھنے میں مشغول ہوگئے۔ مکرم میر محمود احمد ناصر صاحب کی روایت ہے کہ کالج چھوڑنے کی وجہ یہ ہوئی کہ کسی طالب علم نے (......) یا احمدیت کے متعلق کوئی ایسا سوال کیا جس کا آپ فوری جواب نہ دے سکے۔ اس کا آپ کی طبیعت پر ایسا اثر ہوا کہ آپ نے کالج چھوڑ دیا اور یہ فیصلہ کیا کہ جب تک میں قرآن پورے طور پر نہ پڑھ لوں گا میں کالج نہیں آؤں گا۔

(حیات بشیر ص27 از مکرم عبدالقادر صاحب سوداگرمل)

حضرت قاضی ظہور الدین اکمل صاحب میں لکھتے ہیں کہ مجھ سے حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے فرمایا:

”وہ کالج تو پھر بھی مل جائے گا مگر زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ ممکن ہے کہ قرآن مجید اور حدیث پڑھنے کا اور پھر وہ بھی نورالدین ایسے پاک انسان سے پھر موقعہ نہ مل سکے اس لئے میں نے یہی بہتر جانا“۔

(رسالہ تشحیذ الاذہان مارچ 1913ء)

آپ کے کالج چھوڑنے کا پرنسپل کو خاص افسوس ہوا۔ اس نے یہ الفاظ لکھے۔

An excellent student. His leaving is a loss to the college. (G-A-W)

یعنی آپ ایک لائق طالب علم تھے اور آپ کا کالج کو چھوڑ جانا کالج کے لئے ایک نقصان دہ امر ہے۔

(رسالہ تشحیذ الاذہان مارچ 1913ء)

حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب

حضرت چوہدری سر ظفراللہ خان صاحب نے چودہ سال کی عمر میں باوجود آشوب چشم کے مرض کے میٹرک کے امتحانات میں شمولیت اختیار کی اور فرسٹ ڈویژن میں پاس ہوئے اور اپنے مدرسہ (امریکن مشن سکول سیالکوٹ) میں اول بھی آئے۔

اس کے بعد (بعمر 15 سال) آپ کو گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل کروایا گیا۔ اس زمانہ کا ذکر کرتے ہوئے حضرت چوہدری صاحب فرماتے ہیں:

”اس زمانہ میں سلسلہ احمدیہ کی سخت مخالفت ہو رہی تھی۔ میں ڈارمیٹری میں اکیلا احمدی تھا۔ ہم کل آٹھ طالب علم اس کمرہ میں رہتے تھے۔ دو تین ان میں سے کبھی شرارت پر اتر آتے تھے مجھے دق کرتے۔ پہلے سال گرمی کی تعطیلوں میں جب میں گھر گیا۔ تو میں نے والد صاحب کی خدمت میں گزارش کی کہ میری رہائش کا انتظام ہوسٹل سے باہر کر دیا جائے۔ وجہ معلوم ہونے پر انہوں نے فرمایا تم ابھی سے گھبرا گئے ہو زندگی میں تو تمہیں اس سے بھی بہت بڑی مشکلوں کا سامنا ہوگا۔ اگر ابھی برداشت کی عادت نہیں ڈالو گے تو آگے چل کر کیا کرو گے۔ میں خاموش ہوگیا۔

آپ فرماتے ہیں:۔

انٹرمیڈیٹ کے دونوں سالوں میں گرمیوں میں مجھے آشوب چشم کی بڑی سخت تکلیف رہی اور آزمائشی امتحانات میں سے اکثر میں تو شمولیت ہی اختیار نہ کر سکا اور بعض میں بہترین کارکردگی نہ دکھا سکا۔

یونیورسٹی کے امتحانات کی تیاری کے لئے سردیوں کے تین چار مہینے میسر آ گئے۔ ان آخری مہینوں میں اوسطاً دس بارہ گھنٹے توجہ کے ساتھ مطالعہ کر لیتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کمال فضل اور رحم سے مجھے یونیورسٹی کے امتحان میں کامیابی عطا فرمائی۔

(تحدیث نعمت ص7)

حضرت چوہدری صاحب سکول کے ابتدائی درجوں میں اپنے والد صاحب کے مقرر کردہ ٹائم ٹیبل کے مطابق اس طرح دن گزارتے تھے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

”تجویز کردہ پروگرام کے مطابق مدرسے کے ابتدائی درجوں میں ہی ملازم صبح ہوتے ہی مجھے ٹیوٹر کے پاس چھوڑ آتا، وہاں سے میں مدرسے چلا جاتا، میرا کھانا مدرسے بھیج دیا جاتا، مدرسے سے میں پھر ٹیوٹر کے پاس چلا جاتا۔ وہیں میرے لئے گھر سے دودھ آجاتا۔ شام کو میں کھانے کے لئے گھر آتا۔ کھانا ختم ہوتے ہی ملازم مجھے ٹیوٹر کے پاس چھوڑ آتا اور رات کو مجھے واپس گھر لے آتا“۔ (تحدیث نعمت ص14)

حضرت چوہدری صاحب کے والد صاحب کی بڑی خواہش تھی کہ انہیں قرآن کریم کا ترجمہ آئے۔ پہلے انہوں نے حضرت چوہدری صاحب کو مولوی عبدالکریم صاحب اور پھر مولوی فیض الدین صاحب

کے پاس بھجوایا۔ آشوب چشم کی وجہ سے باقاعدہ حاضر نہ ہو سکتے تھے۔ لہٰذا رفتار سست رہی۔

آپ روایت کرتے ہیں:۔

''جب میٹریکولیشن کے امتحان میں صرف چھ مہینے باقی رہ گئے تو والد صاحب نے دریافت فرمایا کہ قرآن کریم کا ترجمہ کہاں تک پڑھ لیا ہے۔ میں نے عرض کی کہ ساڑھے سات پارے ختم کئے ہیں۔ اس پر انہوں نے فرمایا اس رفتار سے تو تم شائد کالج جانے تک دس پارے بھی نہ مکمل کر سکو اور میری بڑی خواہش ہے کہ کالج جانے سے پہلے تم سارے قرآن کا سادہ ترجمہ ضرور سیکھ لو۔ اس سے آگے تمہارے اپنے ذوق اور اخلاص پر منحصر ہے مگر اس قدر سکھا دینا میرا فرض ہے۔

اب وقت تھوڑا رہ گیا ہے تم دن میں فراغت کے وقت دو تین رکوع کا ترجمہ دیکھ لیا کرو اور شام کو مجھے سنا دیا کرو۔ چنانچہ اس طریقہ پر انہوں نے امتحان تک مجھ سے قرآن کا ترجمہ سن لیا''۔ (تحدیث نعمت ص 6)

ڈاکٹر عبدالسلام صاحب

پروفیسر عبدالسلام صاحب اپنے بارے میں لکھتے ہیں کہ:۔

''میں گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم۔اے کرنے کے بعد 1946ء میں کیمبرج پہنچا۔ کیمبرج کے کلاس روم میں طالبعلم اس انداز سے بیٹھتے ہیں جس طرح نماز سے پہلے نمازی بیت میں آکر بیٹھتے ہیں۔ لیکچرار کے آنے سے پیشتر ایک سناٹا ہوتا ہے۔ لیکچر کے درمیان میں انگریز طالب علم چار چار قسم کی سیاہیوں والا قلم اور صحیح لکیریں ڈالنے کے لئے رولر استعمال کر رہا ہوگا۔ اس کی نوٹس لینے والی کاپیاں ایسی احتیاط سے لکھی گئی ہوں گی جیسے پروفیشنل خوش نویس لکھ رہا ہو۔ میرے ساتھ والے طالبعلم براہ راست سکولوں سے آئے تھے۔ عمر میں مجھ سے سب کم تھے لیکن ان کی خود اعتمادیوں اور امنگوں کا وہ عالم تھا جسے تحصیل کرنے کے لئے مجھے کم ازکم دو سال درکار ہوئے۔ وہ ایسے ماحول سے آئے تھے جس میں ان کے سکولوں کا ہر استاد اچھے پڑھنے والے بچوں کو یہ سمجھا کر کیمبرج روانہ کرتا تھا کہ عزیز تم اس قوم کے فرزند ہو جس میں نیوٹن پیدا ہوا تھا۔ سائنس اور ریاضی کا علم تمہاری میراث ہے اگر تم چاہو تو تم بھی نیوٹن بن سکتے ہو۔

کیمبرج میں ڈسپلن کا انداز بھی میرے لئے نیا تھا۔ کیمبرج میں بی۔اے کا امتحان آپ زندگی میں صرف ایک بار دے سکتے ہیں۔ آپ خدانخواستہ فیل ہو جائیں تو پھر دوسری بار امتحان دینا ممکن نہیں۔ ہاسٹل کے ڈسپلن کا یہ عالم تھا کہ دس بجے رات تک آپ بلا اجازت کالج سے باہر رہ سکتے ہیں۔ دس سے بارہ بجے تک ایک پینی جرمانہ لیکن اگر آپ بارہ بجے کے بعد آئے تو سات دن کی Gating ہوگی اور اگر سال کے دوران تین بار ایسا ہوا تو آپ کو کیمبرج سے نکال دیا جائے گا۔

کیمبرج میں ہر طالب علم Adult تصور کیا جاتا ہے۔ اپنے سب کاموں میں مکمل ذمہ دار گنا جاتا ہے۔ اس سے بے جا تعرض نہیں ہوتا لیکن اس کے ساتھ سزائیں بھی وحشیانہ تھیں جنہیں وہ طالبعلم مردانہ وار قبول کرتے تھے۔ کیمبرج میں یہ سختیاں 1968ء کے بعد سے ہٹ گئیں۔ کیمبرج کا طالب علم ہاتھ سے کام کرنے کا عادی ہوتا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ پہلے دن جب میں St. Johns College پہنچا، میرا تیس سیر کا بکس ریلوے سٹیشن سے تو Taxi پر چلا آیا لیکن جب کالج پہنچ کر میں نے پورٹر کو بلایا اور کہا یہ میرا بکس ہے تو اس نے کہا کہ ٹھیک ہے وہ Wheel Borrow ہے۔ آپ اسے اٹھائیے اور باقیوں کے ساتھ اپنے کمرے میں لے جائیے۔

محترم ڈاکٹر صاحب کی ہمشیرہ مکرمہ حمیدہ بشیر صاحبہ بیان کرتی ہیں کہ بھائی جان کی زندگی کا محور تعلیم سے شغف ہوتا تھا اس لئے بیکار باتوں میں وقت ضائع نہیں کرتے تھے اور تعلیم کی طرف ہی بھرپور توجہ ہوتی تھی۔

گھر میں ان کا ٹائم ٹیبل کچھ یوں ہوتا تھا۔ صبح اٹھے، نماز، قرآن کریم کی تلاوت کے بعد ناشتہ کرنا۔ گھر کے دھلے استری سے بے نیاز کپڑے پہنے بستہ بغل میں دبانا اور سب کو خدا حافظ السلام علیکم کہہ کر (جب تک سائیکل نہیں خریدا تھا) پیدل سکول جاتے تھے۔ رستہ میں کوئی ہم کلاس مل گیا تو پہاڑے یاد کرتے ہوئے سکول جا پہنچتے۔ سادگی، عاجزی اور اطاعت کا دخل ان کی زندگی میں بہت تھا۔ لکھنے اور پڑھنے میں ان کا اپنا ہی انداز تھا۔ ایک طرف میز پر کتابیں ایک طرف کاپیاں، پنسل، سلیٹ سلیٹی، ہمارے بچپن میں سکول میں ہولڈر اور نب، قلم، دوات اور تختی ہوا کرتی تھی۔ جس سے سب بچے لکھا کرتے تھے۔ قلم سے ہی تختی پر خوشخطی کی مشق کرائی جاتی تھی۔

ذہن میں یہ عادت ڈال دی گئی تھی کہ رات کو جلدی سو جانا ہے اور صبح اذان کے ساتھ ہی اٹھنا ہے۔ لیکن بھائی جان تو سب سے پہلے جاگ کر اپنے کمرہ میں پڑھ رہے ہوتے تھے۔ یہ ان کا معمول ہی دیکھا۔ چھٹی کے دن بھی نہیں سویا کرتے تھے۔

سردی ہو یا گرمی ایک بڑا سا کوٹ زیب تن ہوتا تھا۔ اس کی اندر کی جیب میں چھوٹے سائز کا ترجمہ قرآن کریم، دعاؤں کی کتاب، پاسپورٹ، کاغذات اوپر سامنے کی جیب میں لاتعداد پن موجود ہوتے۔ غالباً ان کے وزن کے برابر کا کوٹ تھا۔ ایک بار جانے لگے تو وہ کوٹ میں نے ہی ان کو پہنایا اور بے تکلفی سے پوچھا کہ آپ اتنا وزن کیوں اٹھاتے ہیں۔ فالتو چیزیں بکس میں رکھ لیں۔ فرمایا یہ ضرورت کا سامان ہوتا ہے۔ میرے پاس وقت نہیں ہوتا کہ بار بار بکس سے نکالوں۔

پاکستان میں آمد پر ایک ضروری امر یہ ہوتا تھا کہ وہ تقریباً جہاں بھی جاتے مختلف کتابیں ضرور خریدتے اگر خود نہ لے جا سکتے تھے تو بعد میں پارسل کے ذریعہ پہنچ جاتیں کسی پر بار نہیں ہوتا تھا کہ کوئی آئے تو لیتا آئے۔ کسی پر بوجھ ڈالنا تو عادت نہ تھی۔ بک سیلرز خود ہی پارسل کرتے تھے۔ اکثر کتابیں اٹلی لے جاتے تھے۔ لندن میں آپ کا گھر حقیقتاً کتابوں سے ہی سجا ہوا ہے۔ کمرہ میں کئی شیلف نہایت سلیقہ سے کتابوں سے ترتیب سے بھرے ہوئے ہیں۔ جن میں ایک بہت بڑا حصہ مختلف ممالک سے لائے ہوئے قرآن کریم سے بھی مزین کیا ہوا ہے۔

جھنگ شہر میں ایک ہمارا آبائی مکان ہے جسے بھائی جان نے نوبیل انعام ملنے کے بعد 1979ء میں حکومت پاکستان کے محکمہ آثار قدیمہ کو ''ان ہاؤس'' میوزیم بنانے کے لئے دے دیا تھا۔ دوسرا مکان ہمارے والد صاحب نے تعمیر کرایا تھا۔ جس میں تین کمرے، ایک بیٹھک، ایک سٹور اور ایک برآمدہ ہے۔ کمروں کے سامنے ایک کشادہ صحن ہے۔ ایک کمرہ میں ٹرنک اور دوسرا گھریلو سامان رکھا ہوتا تھا۔ بھائی جان اسی کمرہ میں پڑھائی کرتے اور سوتے بھی تھے۔ ان کی چارپائی کے ساتھ ایک میز رکھی ہوئی تھی جس پر وہ اپنی کتابیں وغیرہ رکھتے تھے۔ چونکہ ان دنوں جھنگ میں بجلی نہیں تھی۔ اس لئے وہ مٹی کے تیل کے لیمپ میں پڑھتے تھے۔ لیمپ کی چمنی، ہماری بڑی ہمشیرگان محترمہ باجی مسعودہ بیگم صاحبہ مرحومہ اور باجی حمیدہ بیگم صاحبہ روزانہ صاف کرتی تھیں جبکہ مجھ سے بڑے بھائی محترم چوہدری محمد عبدالسمیع صاحب اور میں لیمپ میں تیل ڈالا کرتے تھے۔ بھائی جان رات کو جلد سو جانے کے عادی تھے۔ وہ زیادہ تر پڑھائی صبح کیا کرتے تھے کیونکہ اس وقت ہر طرف خاموشی ہوتی جس سے انہیں یکسوئی میسر آتی۔ باجی مسعودہ صاحبہ انہیں صبح 4 بجے جگا دیا کرتی تھیں بلکہ اکثر وہ سب سے پہلے جاگے ہوئے ہوتے تھے۔ گرمی کے موسم میں وہ پڑھائی بیٹھک میں کیا کرتے تھے کیونکہ اس کے دو طرف گلیاں ہونے کی وجہ سے ہوادار تھی وہ اپنا کورس امتحان سے کم ازکم دو ماہ قبل مکمل کر لیتے تھے اور امتحان سے پہلے اسے دو مرتبہ دوہرا لیا کرتے تھے۔

اپنے ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ ''میرا کالج جھنگ اور مگھیانہ کے درمیان تھا اس لئے اس جگہ کو ''آدھی وال'' کہتے ہیں یہ جگہ جھنگ شہر سے قریباً ڈیڑھ میل کے فاصلہ پر ہے۔ گرمیوں کے موسم میں سخت گرمی سے بچنے کے لئے میں کالج میں ہی بیٹھ کر اپنا ہوم ورک ختم کر لیا کرتا تھا۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ جھنگ شہر کے میرے ہم جماعت بھی میرے پاس بیٹھ جاتے اور میرے کام کو نقل کر لیا کرتے تھے۔ جب سائے ڈھل جاتے تو ہم پیدل اپنے اپنے گھروں کو چلے جاتے تھے۔

(ماہنامہ خالد ''ڈاکٹر عبدالسلام نمبر'' ص 57,56)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

کمر درد

وجوہات اور علاج

کمر کے درد کی بڑی وجہ لوگوں کا غیر معتدل طرز حیات (لائف اسٹائل) ہے۔ غیر ضروری غذا کے ذریعہ لوگ اپنے وزن کو جس طرح بڑھا رہے ہیں۔ اس سے کمر کے درد کا مسئلہ شدید ہوتا جا رہا ہے۔ کمر فطرت کی حیاتیاتی انجینئرنگ کا شاہکار ہے۔ اس ڈھانچے میں کھوپڑی، پسلیاں اور کندھے استوار ہوتے ہیں۔ یہ ان اعصابی پٹھوں کے لئے بھی راستے کا کام دیتی ہے۔ جو دماغ کو جسم کے باقی حصوں سے جوڑتے ہیں۔ کمر لچک دار ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پریکٹس کے بعد کمر کو دائرے کے دو تہائی حصے تک جھکایا جا سکتا ہے۔ اگر کسی ایک جگہ پر خرابی ہو جائے تو پوری کمر متاثر ہوتی ہے۔ بعض لوگوں میں کمر کے مہروں کے درمیان گدیاں (Discs) خراب ہو جاتی ہیں۔ جن سے کمر کا درد ہو جاتا ہے۔

وجوہات

غیر متوازن جسمانی انداز کے علاوہ بھی کمر درد کی کئی وجوہات ہوتی ہیں۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے۔ کہ ریڑھ کی ہڈی کا نچلا حصہ اس کا مرکز بنتا ہے۔ اور وہ لوگ اس کے زیادہ شکار ہوتے ہیں جو کہ بے حرکتی کے شکار رہتے ہیں۔ اور اپنا وزن بڑھا لیتے ہیں۔ یا پھر زیادہ کام کرنے والے افراد اس کا شکار ہوتے ہیں اس کے علاوہ کمر کے مہروں کی گدیوں کے انحطاط یا شکستہ ہو کر سرک جانے سے ریڑھ کے پٹھوں پر تکلیف دہ دباؤ ہوتا ہے ایک وجہ یہ بھی ہے چپٹی ہڈی جو مہروں کے اوپر واقع ہے۔ اپنی جگہ چھوڑ دیتی ہے۔ اس طرح ریڑھ کے عضلات دب کر متورم ہو جاتے ہیں۔ بعض لوگوں میں نفسیاتی دباؤ کی وجہ سے بھی کمر درد ہوتا ہے۔

علاج

کمر درد کی جس طرح مختلف وجوہ ہو سکتی ہیں۔ اس طرح اس کے علاج بھی وجوہات کے مطابق مختلف ہوتے ہیں۔ وجہ کے تعین کے بعد ہی علاج کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔ عموماً کمر کے مہروں کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ اگر گدیوں میں شکستگی ہو تو عمل جراحی سے ان کو نکال دیا جاتا ہے۔ تاہم اس کو آخری تدبیر کے طور پر اختیار کیا جاتا ہے۔

احباب جماعت اور واقفین بچوں کو چاہئے کہ وہ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ اور کسی تکلیف کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے مشورہ حاصل کریں۔ اور اس کے مطابق اپنا علاج کروائیں تا کہ بات آگے نہ بڑھنے پائے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو لمبی صحت والی زندگی عطا کرے اور بھرپور خدمت دین کی اپنے فضل سے توفیق دے۔ آمین

پاپوآ نیو گنی

سرکاری نام:
آزاد ریاست پاپوآ نیوگنی
(Independent State of Papua New Guinea)

محل وقوع:
(اوشیانا، جنوب مغربی بحرالکاہل)

حدود اربعہ:
اس کے شمال میں بحیرہ بسمارک، مشرق میں بحیرہ سولومن، جنوب میں بحیرہ کورل، خلیف پاپوآ اور آبنائے تورس، مغرب میں انڈونیشیا کا صوبہ آریان جایا واقع ہیں۔

جغرافیائی صورتحال:
پاپوآ نیوگنی جزیرہ نیوگنی کے مشرقی نصف حصے پر مشتمل ہے۔ اس کی مشرق سے مغرب تک لمبائی 1674 کلومیٹر اور شمال سے جنوب تک چوڑائی 1174 کلومیٹر ہے۔ اس میں بسمارک مجموعہ الجزائر، لوئسائیڈ مجموعہ الجزائر، جزائر ٹروبرائنڈ، جزائر ڈی انٹریکا سٹیاکس، جزیرہ وڈلارک، جزائر ایڈمرالٹی، نیوآئرلینڈ، نیو برطانیہ، بوگین ویلی اور بوکاسمیت 600 جزیرے شامل ہیں۔ بڑے حصے نیوگنی کا ساحلی علاقہ نشیبی ہے۔ وسط تک پہاڑوں پر گھنے جنگلات پائے جاتے ہیں۔ جنوب مغرب میں دریائے فلائی، جنوب میں پورانی، شمال میں سیپک، مرکھام اور رامو دریا بہتے ہیں۔ بوگین ویلی اور نیوبرطانیہ پہاڑی جزیرے ہیں۔ جبکہ کئی جزیرے چھوٹے، نشیبی اور مونگے مرجان سے بنے ہیں۔ ساحل 5152 کلومیٹر

رقبہ:
4,62,840 مربع کلومیٹر

آبادی:
43 لاکھ نفوس (1998ء)

دارالحکومت:
پورٹ مورسبی (Port Moresby) 2 لاکھ

بلندترین مقام:
ماؤنٹ ولہلم (4509 میٹر)

بڑے شہر:
لائی، ماڈانگ، راباؤل، گوروکا، کیکوری، مینڈی، آراوہ، پوپونڈیٹا، کیریما، آلوٹاؤ، ویواک۔

سرکاری زبان:
انگریزی (پاپو، پڈگن، میلی نیشی، پولیس، موٹو)

مذاہب:
پروٹسٹنٹ 63 فیصد۔ رومن کیتھولک 30 فیصد۔

اہم نسلی گروپ:
پاپوآن، میلی نیشی، پیگمی، چینی، آسٹریلوی، پولی نیشی۔

یوم آزادی:
16 ستمبر 1975ء

رکنیت اقوام متحدہ:
10 اکتوبر 1975ء

کرنسی یونٹ:
کینا Kina=100 ٹویا TOEA (بینک آف پاپوآنیوگنی)

انتظامی تقسیم:
19 صوبے، ایک دارالحکومت

موسم:
گرم و مرطوب ہوتا ہے۔ پہاڑی علاقوں میں موسم خوشگوار رہتا ہے۔ بارش کی سالانہ اوسط 9 ہزار ملی میٹر ہے۔

اہم زرعی پیداوار:
کوکونٹ، میٹھے آلو، کیلا، کافی، کوکو، ناریل، ربڑ، چائے، پھل وسبزیاں، جنگلات۔ (مویشی)

اہم صنعتیں:
لکڑی کی مصنوعات، تازہ پانی، ماہی گیری، عام استعمال کی اشیاء، فوڈ پروسیسنگ، کپڑا، سیاحت، پٹرولیم۔

اہم معدنیات:
تانبا، سونا، چاندی، کوئلہ، مینگانیز

مواصلات:
قومی فضائی کمپنی ''ایئر نیوگنی'' پورٹ مورسبی اور لائی میں انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور بندرگاہیں ہیں۔

تاریخی پس منظر
پاپوآ نیوگنی کی تاریخ کافی پرانی ہے۔ تقریباً 50 ہزار سال قبل انڈونیشیا کے راستے جنوب مشرقی ایشیا سے لوگ آکر یہاں آباد ہوئے۔ یہاں کے پہلے آبادکار شکاری لوگ تھے۔ بعد میں آنے والے لوگوں نے زراعت کو متعارف کرایا۔ 1512ء میں پرتگالی جہازران انتونیوڈی آبریو نے نیوگنی کے ساحل کو دیکھا لیکن 1527ء میں جورج ڈی مینزس اس کے شمالی ساحل پر لنگرانداز ہوا۔

1545ء میں آئینگو آرٹنڈی رٹز نے اسے نیوگنی کا نام دیا اور اس پر سپین کی ملکیت کا دعویٰ کیا لیکن یہاں کوئی مستقل آبادی قائم نہ ہوئی۔ پہلی یورپی آبادکاری کی کوشش برطانوی بحری افسر لیفٹیننٹ جان ہائس نے 1793ء میں کی۔ اس نے آریان جایا کے قریب مانوکوری میں پہلی آبادی قائم کی۔

19 ویں صدی میں مختلف یورپی قومیں قبضہ کرنے کی غرض سے یہاں وارد ہوئیں۔ ولندیزیوں نے اس کے آدھے مغربی حصے پر اپنی ملکیت ظاہر کی اور 1828ء میں یہ ڈچ ایسٹ انڈیا کمپنی کا حصہ بن گیا۔ 1873ء میں برطانیہ کے کیپٹن جان مورسبی نے جنوبی ساحل کا سروے کیا اور پورٹ مورسبی کی بنیاد رکھی۔ 1884ء میں جان مورسبی نے اس کا جنوب مشرقی حصہ برطانیہ کے لئے حاصل کرلیا۔ برطانیہ نے اسے اپنا زیرحفاظت علاقہ قرار دے کر برٹش نیوگنی کا نام دیا۔ اسی سال جرمن نیوگنی کمپنی نے اس کا شمال مشرقی علاقہ لے لیا اور اس پر اپنا کنٹرول قائم کرلیا۔

1905ء میں برطانیہ نے برٹش نیوگنی (جنوب مشرقی حصہ) کا علاقہ باقاعدہ طور پر آسٹریلیا کو سونپ دیا۔ یکم دسمبر 1906ء کو اس علاقے کو پاپوآ کا نام دیا گیا۔

پہلی جنگ عظیم کے آغاز پر اگست 1914ء میں آسٹریلوی فوجوں نے جرمن نیوگنی (شمال مشرقی حصہ) پر بھی قبضہ کرلیا۔ اگلے سات سال اس پر آسٹریلوی انتظامیہ کی حکومت رہی۔ مئی 1921ء میں لیگ آف نیشنز نے دونوں حصوں کو آسٹریلیا کے مینڈیٹ میں دے دیا جبکہ شمالی حصے کو اپنی تولیت میں لے لیا۔ آسٹریلوی انتظامیہ کے زیرتحت ان علاقوں میں تعلیم کے نظام کو متعارف کرایا گیا۔ پانی کے نظام کو ترقی دی گئی اور تجارتی زراعت وشجرکاری قائم ہوئی۔

دوسری جنگ عظیم کے دوران 1942ء میں جاپانی فوجوں نے نیوگنی اور پاپوآ پر قبضہ کرلیا اور پورٹ مورسبی کے 56 کلومیٹر اندر تک پہنچ گئیں۔ جنوری 1943ء میں امریکہ اور آسٹریلیا کی مشترکہ فوج نے حملہ آوروں کو نکال دیا۔ 1945ء میں آسٹریلوی فوجوں نے اسے مکمل آزاد کرالیا جنگ کے بعد 13 دسمبر 1946ء کو اقوام متحدہ نے پاپوآ اور نیوگنی دونوں کو آسٹریلیا کے مینڈیٹ میں دے دیا۔ آسٹریلیا نے دونوں علاقوں پر متحدہ انتظامیہ تشکیل دی اور اقتصادی ترقی و تعلیمی رجحان کی کوشش جاری رکھی۔ 1949ء میں شمال مشرقی اور جنوب مشرقی نیوگنی کو متحد کرکے ملک کو پاپوآ نیوگنی (PNG) کا نام دیا گیا۔ جب ملک کی آزادی و خودمختاری کی آخری تیاری شروع ہوئی تو آسٹریلیا نے جمہوریت کے نفاذ کی حوصلہ شکنی کی۔ 1950ء میں سب سے پہلے گاؤں کی کونسلیں قائم ہوئیں۔ 1951ء میں ملک گیر قانون ساز کونسل وجود میں آئی۔ انہی کی بنیاد پر 1964ء میں ہاؤس آف اسمبلی قائم ہوئی۔

1968ء میں پارلیمنٹ کے پہلے انتخابات منعقد ہوئے۔ 14 دسمبر 1970ء کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے ایک قرارداد پاس کی جس میں کہا گیا کہ پاپوآنیوگنی کو حق خودارادیت کا پورا پورا حق حاصل ہے۔

1971ء میں پاپوآنیوگنی کا اپنا پرچم رائج ہوا۔ 4 دسمبر کو آئینی کمیٹی نے حتمی رپورٹ میں کہا کہ 1976ء تک ریاست کو مکمل آزادی دے دی جائے گی۔ 1972ء میں ہاؤس آف اسمبلی کے انتخابات ہوئے اور پاپوآن کے زیرکنٹرول مرکزی حکومت بنی۔ یکم دسمبر 1973ء کو پاپوآ اینڈ گنی کو پاپوآ نیوگنی قرار دے کر داخلی خودمختاری عطا کردی گئی۔ دوسال بعد 16 ستمبر 1975ء کو یہ ملک مکمل طور پر آزاد ہوگیا۔

16 ستمبر 1975ء کو ہی ملک کا آئین نافذ ہوا جس کے تحت پارلیمانی نظام حکومت اپنایا گیا۔ پانگوپارٹی (نیشنل الائنس پارٹی NAP) سربراہ سرمائیکل سومارے Michael Somare (پ 1936ء) ملک کے پہلے وزیراعظم منتخب ہوئے۔ 1975ء کے آخر میں بوگین ویلی صوبے نے ایک علیحدہ آزاد ریاست قائم کرلی لیکن 1976ء کے شروع میں یہ دوبارہ پاپوآنیوگنی میں شامل ہوگیا۔ 18 جون تا 9 جولائی 1977ء کو آزادی کے بعد پہلے عام انتخابات منعقد ہوئے۔ سومارے کی پارٹی نے 109 میں سے 60 نشستیں جیت لیں۔ 11 مارچ 1980ء کو وزیراعظم سومارے کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوگئی تو پیپلز پراگریس پارٹی (PPP) کے لیڈر سرجولیس چان Julius Chan (پ 1939ء) وزیراعظم بن گئے۔

وزیراعظم چان نے ہمسایہ وناوٹو میں بغاوت دبانے کے لئے اپنی فوجیں پورٹ ولا بھیجیں۔ جون 1982ء کے عام انتخابات میں سومارے کی پانگوپارٹی (ANP) نے کامیابی حاصل کی چنانچہ وہ ایک بار پھر وزیراعظم بننے میں کامیاب ہوگئے۔ 1985ء میں تحریک عدم اعتماد کے ذریعے سومارے کی حکومت ختم کردی گئی۔ چنانچہ پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (PDP) کے لیڈر پایاس ونگٹی Paias Wingti (پ 1951ء) مخلوط حکومت کے وزیراعظم مقرر ہوئے۔

1988ء میں ونگٹی کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک کامیاب ہوئی تو رابی نامالیو Rabbie Namaliu (پ 1947ء) نئی مخلوط حکومت کے وزیراعظم بن گئے۔ 4 اکتوبر 1991ء کو ویوا کوروی نے گورنر جنرل کا منصب سنبھالا۔

17 جولائی 1992ء کو عام انتخابات میں پایاس ونگٹی پھر وزیراعظم منتخب ہوئے۔ 30 اگست 1994ء کو عام انتخابات کے بعد سرجولیس چان نے وزارت عظمیٰ سنبھالی۔ ستمبر 1994ء میں حکومت نے بوگین ویل انقلابی آرمی کے ساتھ فائربندی کا معاہدہ کیا۔ یہ ایک علیحدگی پسند باغی گروپ تھا۔ جس نے 1989ء سے بوگین ویل Bougainville صوبے کی علیحدگی کے لئے گوریلا جنگ شروع کررکھی تھی۔ 1995ء کے آغاز پر یہ خانہ جنگی پھر شروع ہوگئی۔ 19 ستمبر 1994ء کو نیوبرطانیہ جزیرے پر دو آتش فشاں پھٹ پڑے جس سے 90 ہزار لوگ جزیرہ خالی کرگئے۔

مارچ 1997ء میں ملک میں شدید سیاسی بحران پیدا ہوگیا۔ صوبہ بوگین ویل میں دوبارہ بغاوت پھوٹ پڑی۔ وزیراعظم چان نے آرمی کمانڈر بریگیڈیئر جنرل جیری سینگروک کو برطرف کردیا اور کرائے کے فوجیوں کی خدمات حاصل کیں لیکن آرمی سربراہ نے برطرف ہونے سے انکار کردیا۔ 10 دن تک ملک میں شدید بحران رہا۔ 26 مارچ کو وزیراعظم چان نے پارلیمنٹ میں اپنا استعفیٰ پیش کردیا۔ ان پر الزام تھا کہ انہوں نے باغیوں کے خلاف کارروائی کے لئے کرائے کے فوجیوں کی خدمات حاصل کیں اور اس مقصد کے لئے تین کروڑ ساٹھ لاکھ ڈالر خرچ کئے۔ 27 مارچ کو وزیرپٹرولیم جان گیہینو John Giheno نے نگران وزیراعظم کا منصب سنبھالا۔

2 جون 1997ء کو اعلیٰ عدالت نے سابق وزیراعظم چان کو بےقصور قرار دے دیا۔ چنانچہ وہ وزیراعظم کے عہدے پر بحال ہوگئے۔ انہوں نے وزیراعظم کا منصب سنبھالتے ہی بریگیڈیئر جنرل لیونوئیا کو آرمی چیف مقرر کیا۔ 14 جون 1997ء کو عام انتخابات ہوئے۔ وزیراعظم چان اپنے حلقے سے انتخابات ہار گئے۔ PNG کی آزادی کے بعد 22 برس کے عرصہ میں وہ الیکشن ہارنے والے پہلے وزیراعظم تھے۔ 21 جولائی کو پورٹ مورسبی کے میئر اور پیپلز نیشنل کانگریس (PNC) کے رہنما بل سکیٹ Bill Skate وزیراعظم بن گئے۔ 17 جولائی 1998ء کو شدید زلزلے سے تقریباً تین ہزار افراد ہلاک ہوئے۔

8 جولائی 1999ء کو وزیراعظم بل سکیٹ مستعفی ہوگئے۔ 13 جولائی کو پارلیمنٹ نے پیپلز ڈیموکریٹک موومنٹ (PDM) کے لیڈر میکرے موراٹا Mekere Morauta کو وزیراعظم منتخب کرلیا۔

5 جولائی 1999ء کو پاپوآنیوگنی نے تائیوان کے ساتھ سفارتی تعلقات قائم کرلئے۔ پاپوآنیوگنی تائیوان کو آزاد ملک تسلیم کرنے والا 29 واں ملک ہے۔ مارچ 2000ء میں بوگینویل جزیرے کے تنازع پر حکومت اور باغیوں کے درمیان امن سمجھوتہ طے پاگیا۔

طرزحکومت

پاپوآنیوگنی ایک آئینی بادشاہت ہے جہاں پارلیمانی نظام حکومت قائم ہے۔ ملکہ برطانیہ ریاست کی سربراہ مملکت (ہیڈآف سٹیٹ) اور مسلح افواج کی کمانڈرانچیف ہیں۔ ملکہ کی نمائندگی گورنر جنرل کرتا ہے جوکہ پاپوآنیوگنی کا شہری ہوگا۔ حکومت اور انتظامی اختیارات کا مالک وزیراعظم ہے۔

1975ء کے آئین کے تحت انتظامی اختیارات قومی انتظامی کونسل کے پاس ہیں جس کا سربراہ وزیراعظم ہوتا ہے۔ اسمبلی میں اکثریتی پارٹی کا لیڈر وزیراعظم منتخب ہوتا ہے۔

قانون سازی کا اختیار ایک ایوانی پارلیمنٹ (ہاؤس آف اسمبلی) کو حاصل ہے۔ اس کے 109 ارکان عوام کے ووٹوں سے پانچ سال کے لئے منتخب ہوتے ہیں۔

پاپوآنیوگنی کے وزراءاعظم

1۔ سرمائیکل سومارے (Michael Somare)
(16 ستمبر 1975ء تا 11 مارچ 1980ء)

2۔ سرجولئیس چان (Sir Julius Chan)
(11 مارچ 1980ء تا 3 اگست 1982ء)

3۔ سرمائیکل سومارے (Michael Somare)
(3 اگست 1982ء تا نومبر 1985ء)

4۔ پائیاس ونگٹی (Paias Wingti)
(نومبر 1985ء تا نومبر 1988ء)

5۔ رابی نامالیو (Rabbie Namailio)
(نومبر 1988ء تا 17 جولائی 1992ء)

6۔ پائیاس ونگٹی (Paias Wingti)
(17 جولائی 1992ء تا 30 اگست 1994ء)

7۔ سرجولئیس چان (Sir Julius Chan)
(30 اگست 1994ء تا 26 مارچ 1997ء)

8۔ جان گیہینو (John Giheno)
(27 مارچ 1997ء تا 2 جون 1997ء)

9۔ سرجولئیس چان (Sir Julius Chan)
(2 جون 1997ء تا 21 جولائی 1997ء)

10۔ بل سکیٹ (Bill Skate)
(21 جولائی 1997ء تا 8 جولائی 1999ء)

11۔ میکرے موراٹا (Makere Morauta)
(13 جولائی 1999ء)

عبدالسمیع خان

میری والدہ محترمہ زرینہ اختر صاحبہ

ہجرت ربوہ کے شیریں ثمار اور پائیدار خوبیوں کا تذکرہ

ہم بچوں کی تعلیم وتربیت کے لئے میرے والدین 1972ء میں خوشاب شہر سے ہجرت کرکے ربوہ آگئے۔ اس وقت دارالعلوم شرقی (حال دارالعلوم وسطی) میں ہمارا مختصر سا مکان تھا جو کئی قسطوں میں رہائش کے قابل بنایا گیا تھا۔ اس محلے کی آبادی بہت کم تھی۔ ہمارا مکان محلّہ میں الگ تھلگ تھا۔ کسی گھر سے دیوار ملحق نہیں تھی۔ گلی میں صرف دو گھر تھے۔ ربوہ میں کوئی رشتہ دار نہیں تھا۔ پانی کے لئے گھر میں نلکا لگوانے کی کوشش کی۔ مگر کامیابی نہ ہوئی۔ جس کی وجہ سے کنواں بنوایا گیا مگر اس سے نکلنے والا پانی بھی نمکین تھا۔ جو بمشکل برتن دھونے کے کام آتا تھا۔ میٹھا پانی باہر سے خود لانا پڑتا تھا۔ زمین اتنی کلرزدہ تھی کہ کوئی پودا گھر میں یا گھر سے باہر نہیں اگتا تھا۔ بارشوں کے ایام میں گھڑدوڑ گراؤنڈ کا سارا پانی ہمارے گھر کے قریب سے جنوب کی طرف بہتا تھا۔ اور گزرنا محال ہوجاتا تھا۔ کالج روڈ ابھی کچی تھی اور ہمارے گھر اور کالج روڈ کے درمیان بارشوں کے دنوں میں کیچڑ اور خشک موسم میں سخت کلر ہوتا تھا۔

چھوٹی چھوٹی ضروریات زندگی کے لئے گولبازار جانا پڑتا تھا۔ بیت الذکر بھی دور تھی۔ بجلی کا نظام بہت ناقص تھا۔ ذرا سی آندھی یا بارش سے گھنٹوں بجلی غائب رہتی تھی۔

یہ واقعات اس دور کے سینکڑوں مکینوں کے ساتھ گزر رہے تھے اور ان کے بیان کا مقصد اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد کرنا ہے جو نہایت مشکل حالات میں ربوہ میں دھونی رما کر بیٹھ رہے۔

جو لوگ بالکل آغاز میں ربوہ آئے۔ حضرت مصلح موعود اور حضرت اماں جان سمیت ان کی ربوہ میں رہائش کتنی عظیم قربانی تھی۔ ہم تو ربوہ بننے کے 24 سال بعد آئے تھے اور اپنے آپ کو مشکل میں محسوس کرتے تھے۔ تو وہ جو اس لق ودق صحرا میں آکر آباد ہوئے تھے وہ کتنے عظیم لوگ تھے۔ جن کے صبر اور استقامت اور دعاؤں کے طفیل آج یہ شہر گل وگلزار ہے۔

بہرحال دارالہجرت ربوہ کے مکینوں کی ہر نسل نے اپنے اپنے وقت میں قربانی دی ہے اور انہی قربانیاں دینے والوں میں سے ایک میری والدہ مرحومہ بھی تھیں۔ انہی کی ہجرت کے ثمر کے طور پر مجھے زندگی وقف کرنے کی توفیق ملی اور پھر ہم سب کی اولادوں میں سے واقفین نو پیدا ہوئے۔

میری والدہ کی سب سے نمایاں خصوصیت نماز کی پابندی تھی۔ ہم نے انہیں ہر حال میں اس عظیم نیکی پر کاربند دیکھا۔ کسی قسم کی مصروفیت ہو، مہمان ہوں، بیماری ہو، سفر ہو، مقررہ مقام پر نماز کے لئے کھڑی ہوجاتیں۔ سوائے آخری دو دن کے جب چارپائی پر پڑ گئی تھیں اور نیم بیہوش تھیں۔ میرے خیال میں ان کی کوئی نماز قضا نہیں ہوئی۔ مختلف اوقات میں تہجد، تسبیحات اور ذکر الٰہی کرتیں۔ جب تک صحت رہی چل کر اور بعد میں موٹر سائیکل یا رکشہ پر نماز جمعہ اور عید کے لئے جاتیں۔

قرآن کریم کی تلاوت بھی ذوق وشوق سے کرتیں۔ روزے عمدگی سے رکھتیں اور بچوں کو پابند بنانے کی کوشش کرتیں۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں انفاق فی سبیل اللہ کی بڑی توفیق دی۔ ایک عرصہ تک محلّہ کی لجنہ میں سیکرٹری مال کا کام کیا۔ آخری کئی سال جب بچوں کی طرف سے آمد میں اضافہ ہوا تو خاصی معقول رقم تحریک جدید اور وقف جدید میں ادا کرتیں اور محلّہ کا ٹارگٹ پورا کرنے میں حصہ لیتیں۔ وصیت کی مدات میں ساتھ ساتھ ادائیگی کرتیں اور وفات کے وقت سارا حساب صاف تھا۔ کیسی خوش قسمت خاتون تھیں کہ ان کے والدین، سسرال، سب بہن بھائی، خاوند اور قریباً سب اولاد نظام وصیت میں شامل ہے۔

غریبوں اور گھر میں کام کرنے والی خادمہ کا خاص خیال رکھتیں۔ حسب ضرورت نقدی، اشیائے خورونوش اور کپڑے جوتے بانٹتی رہتیں۔

میرے والد مکرم عبدالرشید خان صاحب نے ملازمت کا ایک لمبا عرصہ گھر سے دور گزارا ہے۔ ہفتہ یا دو ہفتے بعد گھر آتے تھے۔ ان حالات میں بچوں کی تعلیم وتربیت کا دھیان رکھنا ایک بھاری ذمہ داری تھی جس کا ہر لمحہ والدہ نے خیال رکھا۔ اور اللہ کے فضل سے ساری اولاد میں سے کوئی بھی کسی ناواجب عادت یا صحبت کا شکار نہیں ہوا۔ بلکہ تعلیم حاصل کرکے شادیاں کیں اور ان کی زندگی میں ہی صاحب اولاد ہوگئے اور حسب توفیق جماعت کے کاموں میں حصہ دار بن رہے ہیں۔

والد صاحب سرکاری ملازم تھے اور لگی بندھی آمد تھی اور اللہ کے فضل سے انہوں نے باوجود اس کے کہ وہ ایسے شعبوں میں تھے جہاں سے وہ قیمتی جائیداد بنا سکتے تھے، رزق حلال کمایا اور ان کے علی الاعلان احمدی ہونے کے باوجود متعصب افسران بھی ان کی عزت کرتے اور ان کو اپنے پاس رکھنے کی سعی کرتے تھے۔

والدہ مرحومہ اپنے خاوند کی آمد کو بہت سوچ سمجھ کر خرچ کرتیں۔ میں نے انہیں رجسٹر پر چھوٹے چھوٹے اخراجات کو بھی درج کرتے دیکھا جس کی وجہ سے اسراف نہ ہوتا بلکہ کچھ بچت کرنے میں بھی کامیاب ہو جاتیں جو کسی اچانک ضرورت کے وقت بہت کام آتی۔

میرا چھوٹا بھائی عزیزم عبدالشکور بچپن میں بہت بیمار رہا اس کی تیمارداری میں والدہ نے بہت مشقت اٹھائی۔ ساری ساری رات جاگنا اور سارا سارا دن اس کی خدمت میں مشغول رہنا ماں ہی کا کام تھا۔

گھر میں چار بہوئیں لے کر آئیں۔ سب کے ساتھ نہایت خوش اسلوبی سے وقت گزارا۔ حتی الامکان ہر سہولت فراہم کرنے کی کوشش کی۔

اپنے پوتے پوتیوں اور نواسوں وغیرہ کے ساتھ بہت محبت تھی۔ انہیں خوب کھلاتی پلاتیں اور ان کی تکلیف پر بےچین ہوجاتیں۔

ہمارے گھر میں کئی عزیزوں کی شادیاں ہوئیں۔ کئی باراتیں ہمارے گھر سے چلیں اور کئی باراتیں یہاں اتریں، ان سب مواقع پر خوش اسلوبی سے سارے انتظامات کئے۔

ہمارے لئے دعاؤں کا خزانہ تھیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی مغفرت کی چادر میں لپیٹ لے اور ہمیں ان کی نیکیاں جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

☆......☆......☆......☆

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 64059 میں نعیم اللہ فرخ حمید

ولد حمیداللہ قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 17-2-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/50000 غانین کرنسی ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد نعیم اللہ فرخ حمید گواہ شد نمبر 1 محمد ابراہیم خان گواہ شد نمبر 2 حمیداللہ والد موصی

مسل نمبر 64060 میں Ismael Ofori

ولد Dawood Ofori پیشہ مشنری عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/895 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Ishmael Ofori گواہ شد نمبر 1 منصور احمد زاہد گواہ شد نمبر 2 Abdullah Antwi

مسل نمبر 64061 میں Dawood Osafo

ولد Kwabena Osafo پیشہ ملازمت عمر 59 سال بیعت 1965ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔1۔زمین برقبہ 100x50 مالیتی -/500000 غانین کرنسی۔اس وقت مجھے مبلغ -/515000 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Dawood Osofo گواہ شد نمبر 1 Alhaj .I.B.Mohammad گواہ شد نمبر 2 منصور احمد زاہد

مسل نمبر 64062 میں Tahir Ahmad

ولد Usman Kojo پیشہ مشنری عمر 36 سال بیعت 1983ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1023542 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Tahir Ahmad گواہ شد نمبر 1 Kaleem Ahmad گواہ شد نمبر 2 Issah Quarcoo

مسل نمبر 64063 میں

Suleman Effah Adu

ولد Abdul Aziz Kofo Adu پیشہ ملازمت عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 1-4-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے۔زیر تعمیر مکان برقبہ 120x100 مالیتی -/18000000 غانین کرنسی۔اس وقت مجھے مبلغ -/2538000 غانین کرنسی ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد Suleman Effah گواہ شد نمبر 1 Ibrahm Mustapha گواہ شد نمبر 2 Osofo Bashirudeen

مسل نمبر 64064 میں

Khadijah Boaheng

زوجہ Ahmad Boaheng پیشہ تجارت عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 4-2-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/200000 غانین کرنسی ماہوار بصورت منافع از تجارت مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ Khadijah Boaheng گواہ شد نمبر 1 راغب ضیاء الحق گواہ شد نمبر 2 Ahmad Boaheng

مسل نمبر 64065 میں

Abubakar Bin Abdullah

